Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | منگل، 30 ستمبر 2025ء، 6 ربیع الثانی 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 180

فیصل آباد میں اے آر ٹی میٹرو بس سروس جلد شروع کرنے کا اعلان

پنجاب کیخلاف بات کی تو چھوڑوں گی نہیں

مریم نواز

نواز شریف آئی ٹی سٹی کی تکمیل کے بعد فیصل آباد آئی ٹی سٹی کے قیام اعلان، فیصل آباد میں 40 ارب روپے کی لاگت سے الائیڈ ٹیچنگ ہسپتال میں کینسر کے علاج کیلئے کوبالٹ مشین دینے کا اعلان

لوگ اپنا وعدہ کالم گلوچ، پگڑیاں اچھالنے پر لگاتے ہیں، ہم عوام کی خدمت پر لگاتے ہیں، کے پی کے کا جلسہ ان کیلئے عبرت کا مقام بن گیا، وزیراعلیٰ پنجاب کا فیصل آباد میں الیکٹروبس سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

فیصل آباد میں الیکٹروبس پراجیکٹ کی افتتاحی تقریب میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف شریک ہیں

فیصل آباد لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فیصل آباد میں الیکٹروبس سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کیا اور بڑے اعلانات کیے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فیصل آباد میں اے آر ٹی میٹرو بس سروس جلد شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ نواز شریف آئی ٹی سٹی کی تکمیل کے بعد فیصل آباد آئی ٹی سٹی کے قیام اعلان کیا ہے۔ فیصل آباد میں 40 ارب روپے کی لاگت (بقیہ نمبر 32)

مریم نواز نے مسلم لیگ ن کو اپنی سیاست سے مضبوط کیا

تنقید کرنے والوں کو مریم نواز کے منصوبوں تک پہنچنے کیلئے بڑی محنت کرنا پڑے گی

الیکٹرک بس سے فیصل آباد کے بزرگوں اور خواتین کو زیادہ فائدہ پہنچے گا، رانا ثناء اللہ

فیصل آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ مریم نواز نے مسلم لیگ ن کو اپنی سیاست سے مضبوط کیا، تنقید کرنے والوں کو مریم نواز کے منصوبوں تک پہنچنے کیلئے بڑی محنت کرنا پڑے گی۔ تقریب سے خطاب کے دوران رانا (بقیہ نمبر 33)

قومی انسداد ٹرائیکل کینسر مہم، ہدف مکمل نہ ہو سکا

کامیابی کی شرح صرف 66.32 فیصد رہی، پنجاب میں شرح 68 سندھ میں 65 فیصد ریکارڈ

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں پہلی انسداد ٹرائیکل کینسر پلسی سیشن کی مہم کے دوران مقررہ ہدف حاصل نہ کیا جا سکا۔ قومی کنٹرول مہم کا کامیابی کی شرح صرف 66.32 فیصد رہی۔ مہم صحت کے مطابق مہم کا ہدف ایک (بقیہ نمبر 6)

پاکستان نرسنگ کونسل کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن کا فیصلہ

انسانی مداخلت کم سے کم کر کے میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے، وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان نرسنگ کونسل کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان نرسنگ کونسل کے اجلاس سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 35)

ملک بھر کے صارفین کیلئے بجلی مہنگی کر دی گئی

ڈسکوز کے اگست کے ماہانہ فیول چارجز ایڈجسٹمنٹ سے متعلق نیپرا ہیڈ کوارٹر میں عوامی سماعت مکمل کی

اسلام آباد (این این آئی) الیکٹرک سمیت ملک بھر کے ڈسکوز کے اگست کے ماہانہ فیول چارجز ایڈجسٹمنٹ سے متعلق نیپرا ہیڈ کوارٹر میں عوامی سماعت مکمل کی جس کے حارضین کیلئے بجلی ایک ماہ کیلئے مہنگی کر دی گئی۔ ڈسکوز کے اگست (بقیہ نمبر 34)

حرمین شریفین کی حفاظت کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت خارجہ پالیسی سمیت تمام معاملات میں ایک پیج پر ہے

پاک سعودی دفاعی معاہدہ کیخلاف نہیں، وزیراعظم

معیشت بنیادی استحکام حاصل کر چکی، اب ترقی اور پائیدار استحکام کے لیے دن رات کام ہو رہا ہے، دوست ممالک ہمارے ساتھ ہاتھ بٹانے کیلئے تیار ہیں

صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یقین دہانی کرائی ہے پاکستان کے ساتھ اقتصادی تعاون میں مزید وسعت لائی جائے گی، موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے حالیہ سیلاب نے بہت تباہی مچائی ہے، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

لندن (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے واضح کیا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدہ کسی کیخلاف نہیں، حرمین شریفین کی حفاظت کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت خارجہ پالیسی سمیت تمام معاملات میں ایک پیج پر ہے، معیشت بنیادی استحکام حاصل کر چکی، اب ترقی اور پائیدار استحکام کے لیے دن رات کام ہو رہا ہے، دوست ممالک ہمارے ساتھ ہاتھ بٹانے کیلئے تیار ہیں، صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یقین دہانی کرائی ہے پاکستان کے ساتھ اقتصادی تعاون میں مزید وسعت لائی جائے گی، موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے حالیہ سیلاب نے بہت تباہی مچائی ہے، ہمارا حوصلہ اور عزم بلند ہے پیچھے نہیں گئے گل کر آگے بڑھیں گے، بھیگی (بقیہ نمبر 46)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف فیصل آباد میں الیکٹروبس پراجیکٹ کا افتتاح کر رہی ہیں

پاکستان میں 80 ہزار سے زائد لوگ دہشت گردی کا نشانہ بنے ہیں، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان میں 80 ہزار سے زائد لوگ دہشت گردی کا نشانہ بنے ہیں اور پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 38)

صدر مملکت کی پاکستانی باکسر سمیر خان کو مبارکباد

سمیر خان کی جیت قوم کے لیے فخر کا لمحہ ہے، آصف علی زرداری

اسلام آباد (اے پی پی): صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستانی باکسر سمیر خان کو تاریخی کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے پہلی مرتبہ یوتھ ورلڈ چیمپئن شپ میں اپنے نام کیا۔ سمیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے (بقیہ نمبر 37)

پیپلز پارٹی والے عقل کل بننے کی کوشش مت کریں، عظمیٰ بخاری

یہ ڈکٹیشن بھی دے رہے ہیں اور دھمکیاں بھی، بلاول بھٹو دودھ اور شہد کی جو نہریں بہانا چاہتے وہ سندھ میں بہا لیں

مریم نواز چاہتی ہیں کہ اپنے صوبے کے لوگوں کے مسائل کیسے حل کرنے ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے شادیہ سروسز کے بیان پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی والے عقل کل بننے کی کوشش نہ کریں۔ زبردستی "ڈیزائنر گورنر کی سیج" بنانے کی کوشش کسی ڈکٹیشن بھی دی دے رہے ہیں اور دھمکیاں بھی دی دے رہے ہیں۔ جہاں مینڈیٹ نہیں وہاں بلاول بھٹو اگر دودھ (بقیہ نمبر 39)

اگم لیکس ریفرنس جمع کروانے کی آخری تاریخ میں توسیع نہیں کی جا رہی، ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے اگم لیکس ریفرنس جمع کروانے کی آخری تاریخ سے متعلق وضاحت جاری کر دی گئی ہے۔ ایف بی آر کے مطابق اگم لیکس ریفرنس جمع کروانے کی آخری تاریخ میں کوئی توسیع (بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد ہیڈکوارٹر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ازبکستان کے ہیڈکوارٹر والدین میدان خانوخ اسماعیلوف نے اہم ملاقات کر رہے ہیں

پی آر اے کا قومی اسمبلی پریس گیلری سے واک آؤٹ

یہ احتجاج سینئر صحافی اعجاز احمد کے ایک سوال کے جواب میں نامناسب الفاظ استعمال کرنے اور گالم گلوچ کرنے کے تناظر میں کیا گیا

پی آر اے کے نمائندوں نے اس بات پر زور دیا کہ صحافیوں کے ساتھ باعزت اور شائستہ رویہ اپنایا جانا چاہیے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پارلیمنٹری رپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (پی آر اے) نے قومی اسمبلی پریس گیلری سے واک آؤٹ کیا۔ یہ احتجاج پی آر اے پاکستان کی ایگزیکٹو کمیٹی کے زیر اہتمام پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی جانب سینئر صحافی اعجاز احمد کے ایک سوال کے جواب میں نامناسب الفاظ استعمال کرنے کے موقع پر راولپنڈی پریس کلب کے سامنے گالی واک کا اہتمام کیا گیا۔ واک میں پناہ کے اراکین، سول سوسائٹی کے نمائندگان، طلباء، اساتذہ، صحت کے ماہرین اور الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔ شرکاء نے دل کی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے فلرز زندگی میں تبدیلی پر زور دیا۔ انہوں نے عوام کو تلقین کی کہ وہ باقاعدہ (بقیہ نمبر 5)

پارلیمنٹری رپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (پی آر اے) کا وفد ہیڈکوارٹر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کر رہا ہے

سول سروس ریاست کے نظام، تسلسل اور وقار کی محافظ ہے، یوسف رضا گیلانی

پاکستان کے سول سرونٹس نے ہمیشہ قابلیت، فرض شناسی اور کارکردگی کا مظاہرہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام صدر مملکت سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ سول سروس ریاست کے نظام، تسلسل اور وقار کی محافظ ہے، پاکستان کے سول (بقیہ نمبر 47)

وزیراعظم کا غزہ جنگ کے خاتمے کیلئے ٹرمپ کے امن منصوبے کا خیر مقدم

ہمارا پہلے ہی ہدف یقین ہے کہ دو ریاستی حل کا نفاذ خطے میں پائیدار امن کو یقینی بنانے کیلئے ناگزیر ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ غزہ میں جنگ کے خاتمے کو منصوبے کا خیر مقدم (بقیہ نمبر 48)



فیصل آباد میں الیکٹروبس سروس پراجیکٹ کی افتتاحی تقریب میں وزیراعظم پنجاب مریم نواز شریف، رانا ثناء اللہ، اللہ طلال چوہدری، شہباز بابر، چوہدری عابد شیر علی و دیگر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

پناہ کی جانب سے ورلڈ ہاٹ ڈے واک کا انعقاد

واک میں پناہ کے اراکین، سول سوسائٹی کے نمائندگان، طلباء، اساتذہ، صحت کے ماہرین اور الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا کے نمائندوں کی شرکت

باقاعدہ ورزش کو معمول بنائیں، غیر صحت مند غذا سے پرہیز کریں، ذہنی دباؤ سے بچیں اور باقاعدگی سے طبی معائنہ کروائیں، مقررین

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پنا) نے ورلڈ ہارٹ ڈے کے موقع پر راولپنڈی پریس کلب کے سامنے گالی واک کا اہتمام کیا۔ واک میں پناہ کے اراکین، سول سوسائٹی کے نمائندگان، طلباء، اساتذہ، صحت کے ماہرین اور الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔ شرکاء نے دل کی صحت کے پیغام پر مبنی پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے۔ واک سے خطاب کرتے ہوئے صدر پناہ میجر جنرل (ر) مسعود الرحمٰن کیانی نے دل کی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے طرز زندگی میں تبدیلی پر زور دیا۔ انہوں نے عوام کو تلقین کی کہ وہ باقاعدہ (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی۔ پناہ کے زیر اہتمام ہول کے ساتھی دن کے موقع پر منعقدہ واک میں سول سوسائٹی اور طلبہ شریک ہیں

بے نظیر نشوونما پروگرام سے بچوں میں اسٹنٹنگ کی شرح میں کمی

یہ کامیابی دنیا کے بڑے پیمانے پر جاری کسی بھی غذائیت کے پروگرام کے لیے اب تک ریکارڈ کی جانے والی بہترین کامیابیوں میں شمار ہوتی ہے

تحقیق میں واضح ہوا ہے کہ پیدائش کے نتائج، بچوں کی زندگی اور ماؤں کی صحت میں نمایاں بہتری آئی ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان نے عالمی شاہ کار کر دی۔ پی ٹی آئی دور کی بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے بچوں میں اسٹنٹنگ کی شرح میں 6.4 فیصد کی پاکستان نے نفاذی قلت کے خلاف جدوجہد میں ایک سنگ میل عبور کیا ہے۔ آغا خان یونیورسٹی کے انسٹیٹیوٹ برائے عالمی صحت و ترقی کی آزادانہ ڈرم تحقیق کے مطابق، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (پی آئی پی، پی) کے بینظیر نشوونما پروگرام (بقیہ نمبر 41)

علیمہ خان کو پیش نہ کرنے پر جج برہم، ایس ایچ او اور اے ایس آئی کو چھ ماہ قید کی سزا سنا دی

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے علیمہ خان کو پیش نہ کرنے پر ایس ایچ او صادق آباد اور اے ایس آئی کو چھ ماہ قید کی سزا سنا دی، دونوں کے معافی مانگنے پر عدالت نے فیصلہ واپس لے لیا۔ (بقیہ نمبر 42)

وزیر صنعت و تجارت چوہدری شاہ حسین گاہین کے ڈھل جنرل ڈائیزین اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

مری میں ہر قسم کی تصویرات اور سڑیں بنانے پر تین ماہ کے لئے پابندی عائد

لاہور (این این آئی) ملکہ کوہسار مری میں ہر قسم کی تصویرات اور سڑیں بنانے پر بھی پابندی لگا دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹیلیفون جاری کر دیا جس کے مطابق پابندی 6 ماہ تک ہوگی۔ اسی طرح مری میں اسٹون کرشک اور ڈرلنگ بھی تین ماہ کے لیے ممنوعہ قرار دی گئی (بقیہ نمبر 43)

تیل اور گیس کی 5 نئی دریافتیں ہائیڈروکاربن کے وسیع ذخائر کا ثبوت ہیں

ایکسپلوریشن کمپنیاں مقامی پیداوار کیلئے بہترین کام کر رہی ہیں، وزیر پٹرولیم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے او جی ڈی سی ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا، علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ ایک سال میں تیل اور گیس کی 5 دریافتیں ہائیڈروکاربن کے وسیع ذخائر کا ثبوت ہیں۔ جی کو وفاقی وزیر پیٹرولیم علی آپریشنل سرگرمیوں (بقیہ نمبر 44)

تعمیراتی سامان دن بدن مہنگا، گھر کی تعمیر دشوار

لائیڈر گرین انگلیو 1 کے تعاون سے اب اس وقت تک چین پلیسیں گے نہیں پلیسیں گے جب تک ہاؤسنگ اتھارٹی انھیں ترقیاتی کام مکمل کر کے قبضہ نہیں دے دیتی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) گورکھ پرین انگلیو 1 کے ممبران جس میں چوہدری اجمل علی ملک سرجاج قیصل مولا، رانا محمد رشید، سلیم ملک، رانا رفیق، رانا منور شامل تھے نے گرین انگلیو 1 میں سائل روڈ کو بنوانے کے لئے کنٹریکٹر گرین انگلیو 1 کے ڈائریکٹر عباسی صاحب اور جنیریں، قومی اسٹیل سب کنٹلی برائے اسٹیل بک کنٹلی ہاؤسنگ ایونیوز کے چیئرمین محمد شبیر ہاشم صاحب، ملیدہ، ملیدہ ملاقتیں کی۔ کنٹریکٹر گرین انگلیو 1 ڈائریکٹر عباسی صاحب کا مطالبہ سامنے آیا کہ اگر ہاؤسنگ اتھارٹی انھیں Esclation Cost ادا کر دے تو وہ ایک سال کے اندر 100٪ کام مکمل کر سکتے ہیں کیونکہ سیم کی بجلی، گیس، پانی حضوری ہولی پری ہے اور اگر یہ منصوب مزید لیٹ ہوا تو اس کی لاگت 50 ارب تک (بقیہ نمبر 45)

گورکھ پرین انگلیو 1 کے ممبران اجلاس میں شریک ہیں

عملیہ خان کو پیش نہ کرنے پر جج برہم، ایس ایچ او اور اے ایس آئی کو چھ ماہ قید کی سزا سنا دی

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے علیمہ خان کو پیش نہ کرنے پر ایس ایچ او صادق آباد اور اے ایس آئی کو چھ ماہ قید کی سزا سنا دی، دونوں کے معافی مانگنے پر عدالت نے فیصلہ واپس لے لیا۔ (بقیہ نمبر 42)

مری میں ہر قسم کی تصویرات اور سڑیں بنانے پر تین ماہ کے لئے پابندی عائد

لاہور (این این آئی) ملکہ کوہسار مری میں ہر قسم کی تصویرات اور سڑیں بنانے پر بھی پابندی لگا دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹیلیفون جاری کر دیا جس کے مطابق پابندی 6 ماہ تک ہوگی۔ اسی طرح مری میں اسٹون کرشک اور ڈرلنگ بھی تین ماہ کے لیے ممنوعہ قرار دی گئی (بقیہ نمبر 43)

تیل اور گیس کی 5 نئی دریافتیں ہائیڈروکاربن کے وسیع ذخائر کا ثبوت ہیں

ایکسپلوریشن کمپنیاں مقامی پیداوار کیلئے بہترین کام کر رہی ہیں، وزیر پٹرولیم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے او جی ڈی سی ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا، علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ ایک سال میں تیل اور گیس کی 5 دریافتیں ہائیڈروکاربن کے وسیع ذخائر کا ثبوت ہیں۔ جی کو وفاقی وزیر پیٹرولیم علی آپریشنل سرگرمیوں (بقیہ نمبر 44)

قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی 29 ستمبر 2025 کو ایوان صدر اسلام آباد میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (NIPA) کراچی کے 38 ویں سینئر مینجمنٹ کورس (SMC) کے افسران پر مشتمل ایک وفد کے ساتھ گروپ فوٹو



ہمارے سیاسی لوگوں میں ہم میں برداشت کا مادہ ہونا چاہیے، قمر زمان کائرہ

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما قمر زمان کائرہ نے کہا کہ پنجاب حکومت اور اس کی نشاندہی بھی (بقیہ نمبر 50)

چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان ایوان اقبال لاہور میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ایف آئی اے میں اصلاحات، تنظیم نو کا عمل روک دیا گیا

آپریشنل ڈھانچہ تین حصوں میں تقسیم کرنے کے احکامات بھی واپس لے لیے گئے

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے میں اصلاحات اور تنظیم نو کا عمل روک دیا گیا ہے، آپریشنل ڈھانچہ تین حصوں میں تقسیم کرنے کے احکامات بھی واپس لے لیے گئے۔ ایف آئی اے میں تنظیم نو کا فیصلہ موخر کر دیا گیا ہے، دو رکنی جاری ٹیلیفون کے تحت (بقیہ نمبر 51)

خیبر پور ٹامیوالی میں گھریلو جھگڑا تین جانیں لے گیا

ملزم نے بیوی، سالے اور ساس کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا، فرار

خیبر پور (این این آئی) خیبر پور ٹامیوالی میں گوٹھ میر عباس نگر میں گھریلو جھگڑے کے دوران شوہر نے فائرنگ کر کے بیوی، سالے اور ساس کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق (بقیہ نمبر 52)

رات 9 بجے تک کھلے رکھنے کا فیصلہ

لاہور (این ای) این پہاپی فیس کی ادائیگی 5 فیصد رعایت کی آخری تاریخ 30 ستمبر مقرر ہے جس کے بیش گلفار ایکسٹرا دفاتر اور ناموزد ویکیوں کے کاکٹرز رات 9 بجے تک کھلے رہیں گے۔ ڈی جی ایکسائز (بقیہ نمبر 6)

سید یوسف رضا گیلانی سے ازبک سپیکر کی اہم ملاقات

پاکستان اور ازبکستان کے تعلقات تاریخی، ثقافتی اور مذہبی بنیادوں پر قائم ہیں، قائم مقام صدر مملکت سید یوسف رضا گیلانی

ٹرانس افغان ریلوے منصوبہ پاکستان و ازبکستان کو افغانستان کے راستے جوڑنے کا اہم ذریعہ ہوگا، گفتگو

اسلام آباد (اے پی پی): قائم مقام صدر مملکت سید یوسف رضا گیلانی سے ایوان صدر میں ازبک ہیڈکوارٹر والدین میدان خانوخ اسماعیلوف نے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی روابط، اقتصادی تعاون اور پارلیمانی روابط کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ میڈیا کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں کہا گیا کہ پاکستان اور ازبکستان کے تعلقات تاریخی، ثقافتی اور مذہبی بنیادوں پر قائم ہیں، وزیراعظم شہباز شریف کے حالیہ تاشقند کے کامیاب دورے کے دونوں ممالک کے تعلقات میں نئے دور کا آغاز قرار دیا گیا، دورہ تاشقند میں 10 مفاہمت کی یادداشتوں اور معاہدوں (بقیہ نمبر 5)

قائم مقام صدر مملکت سید یوسف رضا گیلانی سے ازبک ہیڈکوارٹر والدین میدان خانوخ اسماعیلوف نے اہم ملاقات کر رہے ہیں

نیتن یاہو کا قطری وزیراعظم کو فون، حملے پر معافی مانگ لی

اسرائیل کے فضائی حملے اور سکیورٹی الیکارکی ہلاکت پر معافی مانگی، اسرائیلی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو نے قطری وزیراعظم محمد بن عبدالرحمان آل ثانی سے اسرائیلی فضائی حملے پر قطر سے معافی مانگ لی۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی رائٹرز نے اسرائیلی میڈیا کے حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ نیتن یاہو نے قطری وزیراعظم محمد بن عبدالرحمان آل ثانی سے ملاقات کیلئے وائٹ ہاؤس پہنچے جہاں (بقیہ نمبر 57)

عوامی للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkar راولپنڈی
عوام کی بے لاگ آواز
ABC CERTIFIED
ادارہ اظہار خیال برائے امن و انصاف
ادارہ پاکستان کو مرکزی پیج

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

افغانستان سے پاکستان میں دہشتگردوں کو کراس پکٹرنگ میں ادائیگیاں

خیبر پختونخوا میں داعش کا ایک بڑا نیٹ ورک پکڑا گیا اور محکمہ انسداد دہشت گردی کی ایک رپورٹ کے مطابق چکنی دھماکے میں ملوث ملزمان کو ادائیگی کراس پکٹرنگ کے ذریعے کی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ غیر ملکی خودکش حملہ آور کے سہولت کاروں کو افغانستان سے کراس پکٹرنگ بھیجی گئی جو کوئٹہ میں پاکستانی روپے میں تبدیل کی گئی اور پھر لاہور اور کرک منتقل ہوئی۔ دہشت گردوں کے سہولت کار اور ہینڈلرز پشاور، کرک، کوئٹہ، ضلع خیبر اور کوہاٹ میں سرگرم تھے۔ اسی دوران پاکستان، چین، روس اور ایران نے ایک بار پھر طالبان حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنے ملک میں دہشت گردوں کے اڈے ختم کرے۔ افغانستان میں قائم طالبان کی عبوری حکومت کو سوچنا ہوگا کہ وہ دنیا میں اپنا کس قسم کا امیج قائم کرنا چاہتی ہے۔ امریکا کے انخلا کے بعد سے طالبان نے دہشت گردوں کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے۔ انھوں نے دہشت گردی کے جرم میں ملوث قیدیوں کو جیلوں سے رہا کیا، امریکی اسلحہ ان کے حوالے کیا، انھیں سرحد عبور کرنے اور پاکستان کے خلاف کارروائیوں کے بعد دوبارہ واپس افغانستان میں پناہ لینے کی اجازت دی۔ یہ طرز عمل واضح کرتا ہے کہ طالبان حکومت پاکستان دشمنی پر گامزن ہے اور مسلسل پاکستان کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ طالبان کی عبوری حکومت کو یہ حقیقت نہیں بھولنی چاہیے کہ پاکستان کے اثر و رسوخ کی وجہ سے بین الاقوامی برادری میں افغان حکومت کو تسلیم کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ بڑی حد تک پاکستان کے کردار سے جڑا ہے، لہٰذا بھارت یا دیگر امن دشمن قوتوں کی سرپرستی میں یہ کھیل بند ہونا چاہیے۔ حقیقت یہ ہے کہ طالبان کے پاس اپنی حکومت چلانے کے لیے وسائل نہیں ہیں، ایسے میں کراس پکٹرنگ کے ذریعے دہشت گردوں کو ادائیگیاں کسی اور ہی جانب سے ہو رہی ہیں۔ اس میں بھارت کا کردار نمایاں ہے جبکہ دیگر امن مخالف قوتیں جیسے صیہونی مناصر اور بعض اور ممالک بھی پس پردہ موجود ہو سکتے ہیں۔ افغان حکومت کے پاس ایسا نظام یا سرمایہ نہیں کہ وہ اس پیمانے پر ادائیگیاں کرے۔ آج دنیا میں دہشت گردی کے خلاف ایک عمومی فضا قائم ہے جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس معاملے کو ہر بین الاقوامی اور عالمی فورم پر زیر بحث لایا جانا چاہیے تاکہ طالبان حکومت کو مجبور کیا جا سکے کہ وہ دہشت گردوں کی سرپرستی ختم کرے ورنہ پاکستان کو اپنے دفاع کے لیے کسی بھی اقدام کا حق حاصل ہے اور اسے اس سلسلے میں بین الاقوامی برادری کے ایک بڑے طاقتور حصے کی حمایت حاصل ہے۔

"تمہیں بھولنے نہ دیں گے"



سیدہ نزہت ایوب کاظمی
شہر: اسلام آباد

جب ایک فتنہ پاک وطن کے گلی و کوچوں میں گھر گھر بلغار ہوا، عوام بھٹکی، پاکستانی معاشرہ متزلزل کا شکار ہوا،
پاکستانی معاشرے کی بوقتی حب سوا ہوئی جب اپنے ہی محافظوں کے ساتھ برسرِ پیکار ہوا۔
اس سب کا کیا کیا جا سکتا تھا کہ اس بار دشمن نے (اپنی طرف) سے بڑی خطرناک چال چلی تھی۔
دشمن اس بار اداروں سے جب رکھتا تھا۔
مگر یہ بھول گیا تھا کہ اس کا مقابلہ ایسے بہادروں کے ساتھ ہے جو "سو" ہوں تو ایک ہزار پر بھاری ہیں۔
ہمارا دشمن دیومالائی داستانوں میں جینے والا، جس کی لہریں صرف فتنے، کہانیوں تک ہی محدود۔
جو بادل صرف کرتے ہیں برسنے نہیں دو کیا جانیں رن کا میدان کیا ہوتا ہے۔
جن کی سوچوں کی پرواز شعور سے خاموش دور ہو
جن کی فہم و ادراک سے شناسائی نہ ہو اور بہادری جن کے پاس تک نہ آئی ہو۔
دشمن نے اس بار سوچا کہ وقت، جائیں اور پیسہ بچاؤ، گھر بیٹھے ہی پاک کے محافظوں سے اس کی گھات لگا لے۔
دشمن نہ اپنا امید تھا یہ اچھنبا ابھی تو جدید تھا۔
پہ۔۔۔۔۔افسوس! بھول یہ کمزور لوگ یہ بھول گئے کہ پاک فوج اللہ کی فوج ہے جن کے اندار میں اللہ نے کربلا کا صدق، صبر، برداشت اور ہمت کچھ یوں بھرا ہے کہ جگہ کوئی بھی ہو، مقام کچھ بھی، پر خطر راہوں پر چلتی رہتے ہیں،
حالات کیسے بھی ہوں، ڈٹے رہتے ہیں۔
دشمن اس کچھ کو سمجھ نہ سکا کہ گریہ چاہیں تو ہر ہفتہ فاقے کھاٹ اتریں، کثرت ناپید ہو، ان کے مندروں میں گھنٹیوں کی جگہ اللہ اکبر کی صدائیں گونجیں،
پاک فوج وشمنوں کو ان کے گلی، کوچوں، گھروں سے آلے، ان کے ایک ایک فرد کی جان حق کی رائے کی ہی۔
ان شاء اللہ
محترم قاری!
عالیہ کرکٹ سیریز میں دشمن سمجھ تو چکا ہی ہوگا کہ پاکستانی قوم اب بھی تھوں کا شکار نہیں ہوئی۔
اس کو وہ کیا بھگائیں گے جنہوں نے ہمارے پاک کے بچوں کی پاکیزہ سوچ کو حارث رؤف نے اپنے وطن کی ترانہ گی کرتے ہوئے اشاروں میں ہی بتا دیا کہ کرکٹ، کرکٹ کو چھوڑو، پلوار فیل، رائفل کھیلتے ہیں۔
میں ذاتی طور پر حارث رؤف کا احترام کرتی ہوں، جس نے رقتی دیانتگ کے لئے لاتعداد آنکھوں کے سامنے ویڈیو بنا دیہ ریکارڈ کرا دیا۔
کہ پاک کی عوام، پاک افواج کو اسی طرح دیوانہ وار چاہتی ہے، جس طرح پاک افواج وطن کی حفاظت میں دیوانہ وار جان قربان کرتے ہیں۔
محترم قاری! ایہ اللہ کے معجزے نہیں تو اور کیا ہے جو عمل اچانک اور غیر ارادی طور پر ہو جائیں اور وہ تاریخ بن جائے، کھوللہ کی رضا اس میں تھی۔
10 مئی کو اسماعی جمہوریہ پاکستان کی افواج نے آسمان کی بلند وسعتوں میں فتح کی نئی تاریخ قہر بھری اک نگاہ سی ڈالنے۔
آخر پاک فوج نے کر دکھایا۔۔۔۔
جی زمین کے راہیو، پانیوں کے شہتیاہ، فضاؤں کے بادشاہ، کیسے نہ بتیت ان کا مقدر ہوگی کہ حق کے ان راہیوں کے ساتھ "حق" شوخ تھا، ہر قدم، ہر لفظ، ہر سانس، دل کی دھڑکنوں کے ساتھ دھڑکتا، جسم کی رگوں میں پہنچے لہو میں موجود جزئیات کی طرح۔
پاک شیر، بہادری کی خیرات حیدر کرار، خیبر فرار کے علم کے سامنے سے پانے والے،
پاک فوج، جو جان دینے سے گھبرائے ہی نہیں کبھی، جو آج تک میدان رن سے بھاگے ہی نہیں کبھی۔
جو حیدر کرار، خیبر فرار کے نام کا جام پی کر مست رہیں، ان سے بھلا بادل کا دار کیسے مقابلہ کرے۔
اسے میرے محترم ہم ادب قاری!
اب زندگی کا کوئی میدان ہو 10 مئی اور چھ رافیل کی تباہی کی کہانی تو دنیا قیامت تک دہرائے گی ہی، بھارت کو اس کی بری شکست کی یاد دلاتے گی ہی، بلکہ میرا ایمان ہے کہ اس کہانی کا ایک ایک کردار، ہر دشمن کی آنکھ میں کھٹکتا رہے گا۔
ان شاء اللہ
محترم قاری!
عالیہ کرکٹ فوج نے کر دکھایا۔۔۔۔
جی زمین کے راہیو، پانیوں کے شہتیاہ، فضاؤں کے بادشاہ، کیسے نہ بتیت ان کا مقدر ہوگی کہ حق کے ان راہیوں کے ساتھ "حق" شوخ تھا، ہر قدم، ہر لفظ، ہر سانس، دل کی دھڑکنوں کے ساتھ دھڑکتا، جسم کی رگوں میں پہنچے لہو میں موجود جزئیات کی طرح۔
پاک شیر، بہادری کی خیرات حیدر کرار، خیبر فرار کے علم کے سامنے سے پانے والے،
پاک فوج، جو جان دینے سے گھبرائے ہی نہیں کبھی، جو آج تک میدان رن سے بھاگے ہی نہیں کبھی۔
جو حیدر کرار، خیبر فرار کے نام کا جام پی کر مست رہیں، ان سے بھلا بادل کا دار کیسے مقابلہ کرے۔
اسے میرے محترم ہم ادب قاری!
اب زندگی کا کوئی میدان ہو 10 مئی اور چھ رافیل کی تباہی کی کہانی تو دنیا قیامت تک سے دہرائے گی ہی، بھارت کو اس کی بری شکست کی یاد دلاتے گی ہی، بلکہ میرا ایمان ہے کہ اس کہانی کا ایک ایک کردار، ہر دشمن کی آنکھ میں کھٹکتا رہے گا۔

میڈیا آئی



عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

عالمی جریدے کی جانب سے پاک فوج اور خیبر پختونخوا حکومت کی پالیسیوں پر تنقید

"دی ڈیپلیمیٹ" کی جامع رپورٹ کے مطابق پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں نے قابل تعریف کامیابیوں اور کچھ ناکامیوں کو یکجا کیا ہے، جو زیادہ تر داخلی سیاسی اختلافات اور متضاد پالیسی نقطہ نظر سے متاثر ہیں۔ یہ رپورٹ ایک دہائی کے دوران کالعدم تحریک طالبان کو ایک بڑی اندرونی خطرے کے طور پر تسلیم کرتی ہے جہاں فوجی کامیابیاں صوبائی اور وفاقی حکومتوں کے درمیان اسٹریٹجک ہم آہنگی کی کمی کی وجہ سے کمزور ہو رہی ہیں۔ پاکستان کی مسلح افواج نے دہشت گردی کے خلاف اپنی مہم میں کئی انتہائی کامیاب فوجی کارروائیاں کی ہیں، جن میں سے سب سے قابل ذکر آپریشن ضرب عضب اور آپریشن ردالفساد ہیں۔ ان کارروائیوں، جو پاکستان آرمی اور انٹیلیجنس ایجنسیوں کی طرف سے احتیاط سے چلائی گئیں اور انجام دی گئیں، نے قبائلی علاقوں میں دہشتگردوں کے بنیادی ڈھانچے کو نمایاں طور پر تہس نہس کر دیا۔ وسیع علاقوں کو دوبارہ حاصل کیا، ہزاروں دہشت گردوں کو غیر فعال کیا اور سلیپر سیلوں کو تباہ کیا اور پناہ گاہوں کو تباہ کیا۔ عالمی جریدے نے خاص طور پر ان کارروائیوں کی تاثیر کو تسلیم کیا ہے اور کہا ہے کہ انہوں نے نہ صرف دہشت گرد گروہوں کی آپریشنل صلاحیتوں کو کم کیا بلکہ پاکستان کے انتہا پسندی کا مقابلہ کرنے کے عزم کے بارے میں ایک مضبوط پیغام بھی بھیجا۔

"دی ڈیپلیمیٹ" نے ان فوجی فتوحات کے باوجود ان علاقوں کی تعمیر نو کی سست رفتار کو اجاگر کیا، جو طالبان کے انخلاء کے بعد سے دہشتگردوں کو دوبارہ منظم ہونے اور ان علاقوں میں دوبارہ داخل ہونے کی اجازت دی جہاں فوج کی موجودگی اور عدم یکجتی کی علامات کے طور پر تشریح کیا۔ لکھوراہ واقع چیکپوسٹ کی شراکۃ کے ذکر کرتے کی پالیسی اور جامع ریجنل انٹیگریشن کے بغیر انخلاء نے بہت

آئیسکو بجلی میں بوجہ ضروری سسٹم میٹینینس 30 ستمبر 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

کیپ، APF ، SPD ، پرپال، پکاری، متکول فیڈرز، اکے سرکل AW ،D - 17 ،D - 18 ، T-1، AWT-2، کیپ، ایم پی ایچ بلاک اے ایم، ایم پی ایچ ٹی 17، گلشن ٹیسٹ، ویلی، پنڈ، سکھوٹی، سرائے خربوزہ، شاہ اللہ دتہ، پھوال فیڈرز، صبح 08:30 سے دوپہر 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، شاہ پور، اتھال، پارک ایڈز، بھارہ کہو، I&II، گالف سٹی، ریلوے، پنڈ، پنڈی بوائٹ، ایم ایچ، پٹرول پمپ فیڈرز اور گروڈ خواجہ بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی معزز صارفین سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے۔

لقیہ 49

اجلاس میں ارکان اجلاس میں پاکستان کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا تھا قطر، یو اے ای، سعودی عرب اور مصر، اردن اور عمر بھی اجلاس میں شریک تھے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی عمارت میں فرض کی صورتحال پر اجلاس خوش آمدید کہتے ہیں۔ غزہ سے متعلق اجلاس میں حوصلہ افزا بات ہے۔ غزہ کے حال پہلے سے بہتر ہے۔ عالمی اجلاس کا ثبت نتیجہ ہمت حاصل نہ ہوا تھا، ہم چاہتے ہیں کہ غزہ میں فوری جنگ بندی ہو۔ غزہ میں 2023ء سے ظلم و ستم کا بازار گرم ہے۔ بے گناہ مسلمانوں کو قتل کیا گیا ہے، جن میں بچے اور عورتیں بھی شامل ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ دنیا میں مسلمانوں کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے۔ پاکستان کی بات کی گئی ہے کہ پاکستان کا عمل نمونہ ہے۔ پاکستان نے کامیابی دنیا کو دکھائی ہے کہ جرنیل کے ذریعہ کیا گیا ہے۔ آغا خان یونیورسٹی کے ڈاکٹر ذوالفقار بھٹو نے کہا کہ ہم نے کہا تھا کہ جو زخمی ہوئے ہیں ان کا علاج کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کے اندر ہم نے جس طرح کام کیا ہے اس پر پوری دنیا کو اعتماد ہے۔ ہم نے جنگ میں بھی اپنا کام کیا ہے۔ ہم نے جنگ میں بھی اپنا کام کیا ہے۔ ہم نے جنگ میں بھی اپنا کام کیا

چکوال وزیر تعلیم کا سنٹر آف ایکسی لینس سکول فار بوائز کا دورہ

اس موقع پر انہوں نے تعلیمی معیار، جدید لیبارٹریز، تدریسی سہولیات اور مجموعی تعلیمی ماحول کا باریک بینی سے جائزہ لیا

یہ ادارہ طلبہ کو عالمی معیار کی تعلیم، جدید سائنسی و تحقیقی سہولیات اور بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے تعمیر کیا گیا ہے، رانا سکندر حیات

طلبہ کو عالمی معیار کی تعلیم، جدید سائنسی و تحقیقی سہولیات اور بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے تعمیر کیا گیا ہے، نانا کرنل مستقبل کے چیلنجز سے بہتر طور پر (بقیہ نمبر 1)

چکوال، وزیر تعلیم رانا سکندر حیات سینٹر آف ایکسی لینس سکول فار بوائز کا دورہ کر رہے ہیں

چکوال (خاور شہزاد سے) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے ضلع کے دور دراز علاقوں واقع سکول ایڈ سینٹر آف ایکسیلینس اتھارٹی کے تحت تعمیر ہونے والے سینٹر آف ایکسیلینس سکول فار بوائز کا دورہ کیا۔ وزیر تعلیم کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ یہ ادارہ طلبہ کو عالمی معیار کی تعلیم، جدید سائنسی و تحقیقی سہولیات اور بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے تعمیر کیا گیا ہے، نانا کرنل مستقبل کے چیلنجز سے بہتر طور پر (بقیہ نمبر 1) دور دراز علاقوں کے طلبہ کو جدید سائنسی و تحقیقی سہولیات اور بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے تعمیر کیا گیا ہے۔ نانا کرنل مستقبل کے چیلنجز سے بہتر طور پر (بقیہ نمبر 1) وزیر تعلیم کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ یہ ادارہ

چکوال، وزیر تعلیم رانا سکندر حیات سینٹر آف ایکسی لینس سکول فار بوائز کا دورہ کر رہے ہیں

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 7 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 7 ملزمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 7 ملزمان کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ رتہ امرال، ٹیلہ ڈیمن، صادق آباد اور کہوٹہ علاقوں میں کی گئیں۔ ڈیٹیل (بقیہ نمبر 2)

3 ملزمان گرفتار، ایک کلو سے زائد چرس، 20 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے چرس اور شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق جاتلی پولیس نے ایک ملزم کو حراست میں لے کر 1 کلو 620 گرام چرس برآمد کی، لصیر آباد پولیس نے ایک ملزم کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کی، تلہ گنگ پولیس نے ایک ملزم کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، زیر حراست ملزمان کو تھوں (بقیہ نمبر 5)

سٹریٹ کرائم کے مقدمات میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) مورگاہ پولیس نے سٹریٹ کرائم کے مقدمات میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم 5 ہزار روپے اور موبائل فون برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کے مقدمات میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا، زیر حراست ملزم سے مسروقہ رقم 5 ہزار روپے اور موبائل فون برآمد ہوا۔

اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے پرعزم

شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے تھانہ کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تھانہ کچہری کے (بقیہ نمبر 3)

مجوزہ بینکل ریوراتھارٹی کے قیام پر سندھ حکومت نے تحفظات کا اظہار کر دیا

وفاقی کی تجویز کو آئین کی 18 ویں ترمیم کی صریح خلاف ورزی قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے مجوزہ بینکل ریور اتھارٹی کے قیام پر صوبوں سے رائے طلب کرنے کے معاملے پر سندھ سے ارسالے کرن احسان لغاری نے تحریری طور پر سخت اعتراض اٹھا دیا۔ احسان لغاری نے وفاقی کی تجویز کو آئین (بقیہ نمبر 4)

ٹروپیکل سائیکلون کے حوالے سے پہلا وارننگ الرٹ جاری

سمندری طوفان سے پاکستان کے کسی ساحلی علاقے کو کوئی خطرہ نہیں، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (سی این این) محکمہ موسمیات نے ٹروپیکل سائیکلون کے حوالے سے پہلا وارننگ الرٹ جاری کر دیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق تاج کیے اور بھارتی ریاست گجرات کے قریب ایک کم دباؤ کا نظام موجود ہے جو آئندہ چند روز میں شدت اختیار کر سکتا ہے۔ ہوا کا کم دباؤ یکم اکتوبر کے قریب شمال مشرقی بحیرہ عرب میں داخل ہو سکتا ہے اور اس کی شدت (بقیہ نمبر 6)

چیف ایڈمنسٹریٹر ٹیچر ہیلتھ کیئر فیض اللہ ڈاہری مختلف تقریبات میں شریک ہیں

11 کروی فیڈر کے جاری ترقیاتی منصوبے جلد مکمل کیے جائیں

لائین اسٹاف کام کرنے سے پہلے سیفٹی T&P ازاری پہنیں۔ حفاظتی قوانین پر مکمل عمل کریں، تاکہ لائین پر کام کرنے کے دوران محفوظ رہیں

کسٹمر فیسلی ٹیشن سینٹر کا کام جلد مکمل کیا جائے۔ چیف ایگزیکٹو افیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات

حیدرآباد (پ ر) ایسیکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو افیسر جنیٹو ٹیشن اللہ ڈاہری نے آپریشن ڈویژن ٹھٹھہ کا دورہ کیا اور ضلع شہر میں جاری 11 کروی فیڈر کے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے آپریشن ڈویژن ٹھٹھہ آفس کا دورہ کیا جہاں انجینئر آپریشن سرکل لاڑکانہ احمد وسنی اور پی ڈی (T&P) فوٹو رجسٹر اور ہدایات دیں کہ سب سے پہلے سیفٹی اس کے بعد (بقیہ نمبر 7) جھانکنے کیا اس دوران انہوں نے سپرینٹنڈنگ انجینئر کو ہدایت دی کہ ترقیاتی کام جلد سے جلد مکمل کرائے جائیں اس کے بعد

سی ایس ایس امتحانات کیلئے عمر کی حد میں رعایت کی تفصیلات طلب

سی ایس ایس امتحانات میں عمر کی حد 30 سال تک ہی ہے، حکام ایف پی ایس سی

اسلام آباد (سی این پی) سینٹ قائمہ کمیٹی برائے تفویض کردہ قانون سازی نے سی ایس ایس امتحانات کیلئے عمر کی حد میں رعایت کی تفصیلات مانگ لیں، کمیٹی کو بتایا گیا کہ سی ایس ایس میں پاس ہونے کی شرح انتہائی کم ہے، اس لئے کے پاس (بقیہ نمبر 8)

پولیس موبائل خدمت مرکز عوام الناس کی سہولت کیلئے کوشاں

پولیس سے متعلقہ سہولیات کی فراہمی کیلئے ہفتہ واری شیڈول جاری

راولپنڈی (سی این پی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کی سربراہی اور سی ای او راولپنڈی کے انکاٹ پر پولیس موبائل خدمت مرکز عوام الناس کی سہولت کیلئے کوشاں، موبائل موٹر ی خدمت مرکز کے ذریعے دور دراز سے متعلق رکھنے والے شہریوں کو جدید خاطبوں کے مطابق ایف ڈیٹیز پولیس سے متعلقہ سہولیات کی فراہمی کیلئے ہفتہ واری شیڈول جاری کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی ٹریفک پنجاب محمد اقاص ندیری سربراہی اور چیف (بقیہ نمبر 10)

15 سالہ لڑکے کے قتل کے واقعہ پر سی پی او کا نوٹس

ملوث ملزم کی گرفتاری، لڑکے کی نعش ایک مکان کی چھت سے ملی

راولپنڈی (سی این پی) پیر ودھائی میں 15 سالہ لڑکے کے قتل کے واقعہ پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی راول سے رپورٹ طلب کر دی۔ واقعہ میں ملوث ملزم کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا، ابتدائی تحقیقات کے مطابق لڑکے کی نعش ایک مکان کی چھت سے ملی، بظاہر تیز دھار آلے کے وار سے قتل کیا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 1)

سیاست ٹیکس نہیں دے گی تو تنخواہیں مراعات کیسے دے گی ڈی جی آئی ایس پی آر

آزاد کشمیر میں سیاسی سسٹم کام کر رہا ہے، 30 فیصد سے زائد آزاد کشمیر کے لوگ سرکاری نوکری کرتے ہیں

فوج میں متعدد آفیسر اور جوان کشمیری ہیں، کشمیر کا مستقبل "کشمیر بنے گا پاکستان" ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

راولپنڈی (لیفٹ نیوز) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے آزاد کشمیر کی مختلف جماعات کے ایک ہزار سے زائد طلبا اور اساتذہ کے سوالات کا جواب دیا۔ سوال جواب کے چند حصوں کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی عوامی ایکشن کمیٹی کی تو پھوڑ پھاڑ کی سیاست کا سوال کے جواب میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ آزاد کشمیر میں سیاسی سسٹم ہے جو کام کر رہا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر (بقیہ نمبر 13) ایس پی آر نے 15 ستمبر کو پلندری آزاد کشمیر میں مختلف جماعات کے ایک ہزار سے زائد طلبا اور اساتذہ کے سوالات کا جواب دیا۔ سوال جواب

راولپنڈی، صدر کے علاقہ میں چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار، 9 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (سی این پی) صادق آباد پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار کر کے 9 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ سے 9 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوئے، گینگ رش والے مقامات اور بازاروں سے موٹر سائیکل چوری کرتے تھے، صادق (بقیہ نمبر 4)

تحصیل حضرو سبزی بازار مہنگائی کا جن بے قابو عوام بے بس

سبزیوں کے ریٹ آسمان سے باتیں کرنے لگے اور عوام سخت پریشانی کا شکار ہیں، اب سبزیاں خریدنا بھی مشکل ہو گیا ہے

سبزی فروشوں سے ریٹ معلوم کرتے ہیں تو جیب خالی ہونے کے باعث خاموشی سے واپس لوٹنے پر مجبور ہو جاتے ہیں

تحصیل حضرو (لک یا سرے سے) حضرو سبزی بازار میں مہنگائی کا جن بے قابو ہو گیا ہے۔ سبزیوں کے ریٹ آسمان سے باتیں کرنے لگے ہیں اور عوام سخت پریشانی کا شکار ہیں۔ غریب عوام کے لیے گوشت کھانا تو دور، اب سبزیاں خریدنا بھی مشکل ہو گیا ہے۔ خریداروں کا کہنا ہے کہ جب وہ سبزی فروشوں سے ریٹ معلوم کرتے ہیں تو جیب خالی ہونے کے باعث خاموشی سے واپس لوٹنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ حضرو سبزی بازار میں سبزیوں کے نرخ کا مرہ کیٹو، اٹک اور دیگر بازاروں کے مقابلے میں خاصے زیادہ ہیں، جس (بقیہ نمبر 2)

حضرو سبزی بازار میں مہنگائی کا عروج پر پہنچ گئی

راولپنڈی، قوت سماعت و گویائی سے محروم خاتون سے زیادتی

سی پی او کی ایس ایس پی انوسٹی گیشن اور تفتیشی ویگل ٹیموں کو شاباش دی

راولپنڈی (سی این پی) راولپنڈی پولیس کی موٹر پولیٹک کے باعث قوت سماعت و گویائی سے محروم خاتون سے زیادتی کرنے والے مجرم کو معزز عدالت کے مجرم کو سزا سنا دی، مجرم منصور وجیہ کو 9 لاکھ روپے جرمانے کی (بقیہ نمبر 5) مطابق قوت سماعت و گویائی سے محروم خاتون سے زیادتی کرنے والے مجرم کو معزز عدالت کے مجرم کو سزا سنا دی، مجرم منصور وجیہ کو 9 لاکھ روپے جرمانے کی (بقیہ نمبر 5)

راولپنڈی، جرم ثابت، تین نشانات سپلائرز کو 27 سال قید کی سزا

راولپنڈی (سی این آئی) راولپنڈی پولیس کی موٹر پولیٹک کے باعث جرم ثابت ہونے پر تین نشانات سپلائرز کو مجموعی طور پر 27 سال قید اور 5 لاکھ 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق مجرم بادشاہ رحمان کو 09 سال قید اور 104 کلو ہیروئن برآمد ہونے پر سزا سنائی گئی، مجرم سے 2 کلو 400 گرام چرس برآمد ہونے پر مقدمہ آرے بازار پولیس نے اپریل 2025 میں گرفتار کیا تھا، جرم ملزمان محمود کو 09 سال قید اور 1 0 لاکھ (بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن

89 گھروں، 96 دوکانداروں اور 200 سے زائد افراد کے کوائف کا اندراج

راولپنڈی (سی این پی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں متقامی پولیس، ایلیٹ فورس، لیڈیز پولیس سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن میں 8 9 گھروں، 96 (بقیہ نمبر 26)

چیئرپرسن بی آئی ایس پی رویینہ خالد کا بونیر کا دورہ

سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی رجسٹریشن میں آسانی اور وہ بی آئی ایس پی کے مختلف پروگراموں سے مستفید کیا جائے گا

امدادی کارروائیوں کی خود نگرانی اور ضرورت مندوں تک بروقت امداد کی یقین دہانی کے لیے ضلع کا باقاعدگی سے دورہ کرتی رہوں گی

بی ایس آئی پی کی چیئرپرسن سینیٹر رویینہ خالد بونیر میں سیلاب متاثرہ خواتین سے گفتگو کر رہی ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بی آئی ایس پی کی چیئرپرسن سینیٹر رویینہ خالد کا بونیر کے سیلاب متاثرہ علاقوں کا دورہ؛ خاتون بی ایس پی امدادی سامان کی تقسیم، مکمل بحالی کی یقین دہانی؛ چیئرپرسن کے انکشافات پر بی آئی ایس پی کی سوشل ریجسٹریشن وین کا سیلاب متاثرہ خاندانوں کی رجسٹریشن کے لیے بونیر پہنچنا؛ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کی چیئرپرسن سینیٹر رویینہ خالد نے رکن قومی اسمبلی محترمہ نفیسہ شاہ کے ہمراہ ضلع بونیر کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا، جو حالیہ (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری سال 2022 سے وارث خان پولیس کو مطلوب تھا، پولیس نے یومین انچی بس سیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا۔ ایس ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں گی۔

راولپنڈی، سٹریٹ کرائم و سنیچنگ میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کینٹ امرال پولیس نے سٹریٹ کرائم و سنیچنگ کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار کر کے چھینی گئی رقم 70 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم و سنیچنگ کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ سے چھینی گئی رقم 7 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد ہوا۔ ایس ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیر حراست گینگ کو ضلعی پی راول کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

راولپنڈی، موٹر گاہ پولیس کی کارروائی، زیر حراست شخص سے مسروقہ رقم اور موبائل برآمد

چکوال، صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چکوال: لیپ ٹاپ تقسیم کی تقریب کی تیاریاں مکمل

وزیر تعلیم رانا سکندر حیات، ڈی سی سارہ حیات کونڈل نے انتظامات کا جائزہ لیا

چکوال (خاور شہزاد سے) یونیورسٹی آف چکوال میں منعقدہ ہونے والی لیپ ٹاپ تقسیم کی تقریب کے سلسلے میں انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے یونیورسٹی کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہیں تقریب کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی گئی اور تمام انتظامی تیاریوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 5)

کندھ کوٹ میں انسانی حقوق کے محافظوں کی ایک روزہ تربیت

شرکا کو انسانی حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعتراف کرتے ہوئے سرٹیفکیٹ دیے گئے

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ پی پی ہوٹل میں 2 Oban ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن، Terre des Hommes اور IEDO کے تعاون سے ایک روزہ تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس کا عنوان انسانی حقوق (بقیہ نمبر 6)

کندھ کوٹ، انسانی حقوق کے محافظوں کی ایک روزہ تربیتی سیشن میں سرٹیفکیٹ تقسیم کئے جا رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد کی شہید اہلکار کے اہلخانہ سے ملاقات

عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش، اہلخانہ کے صبر و استقامت کو سراہا

محکمہ پولیس کی جانب سے ہر ممکن تعاون اور مدد کی یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے شہید اہلکار کے اہل خانہ سے ملاقات کر کے شہید کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا، اہلخانہ کے صبر و استقامت کو سراہا اور محکمہ پولیس کی جانب سے ہر ممکن تعاون اور مدد کی یقین دہانی کروائی۔ تفصیلات کے مطابق اسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اسلام آباد پولیس کے شہید جوان کے اہلخانہ سے ملاقات کی، اس موقع پر انہوں نے شہید کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد پولیس اپنے شہداء کو کبھی نہیں بھولتی، کیونکہ یہی شہداء ہماری پہچان زندگی کے ضامن ہیں۔ آئی جی اسلام آباد نے شہید کے اہلخانہ کے صبر و استقامت کو سراہا اور محکمہ پولیس کی جانب سے ہر ممکن تعاون (بقیہ نمبر 7)

مضر صحت کھانا کھانے سے 2 افراد جاں بحق، 23 کی حالت غیر

پسرے کے دوران پکی مچھلی کھانے سے سب کی حالت بگڑ گئی، علاقہ مکین

ٹنڈو محمد خان (این این آئی) ٹنڈو محمد خان کے گاؤں شیخ محمد لوٹ میں مبینہ طور پر مضر صحت کھانا کھانے سے 2 نوجوان جاں بحق ہو گئے۔ 23 افراد کی حالت غیر ہو گئی۔ ریسکیو احکام کے مطابق جاں بحق ہونے والوں کی شناخت 8 سال کا جیب الرحمان اور (بقیہ نمبر 8)

صادق آباد پولیس کی کارروائی، زیر حراست گینگ سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

ضلع کشمور کے سرکاری ملازمین کا احتجاج، دفاتر کی تالا بندی

مطالبات کے حق میں ریلی و دھرنے کا اعلان، مطالبات کی منظوری کا مطالبہ

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ سندھ ایسوسی ایشن کے کال پر ضلع کشمور کے سرکاری ملازمین کا احتجاج دفاتر کی تالا بندی مطالبات کے حق میں ریلی و دھرنے کا اعلان کندھ کوٹ سندھ ایسوسی ایشن کے کال پر آج ضلع کشمور کندھ کوٹ کے تمام صوبائی محکموں کے سرکاری ملازمین نے اپنے دفاتر کی تالا بندی کرتے ہوئے مین پرائمری اسکول کندھ کوٹ سے ایک عظیم الشان احتجاجی ریلی نکالی، جس میں ہزاروں کی تعداد میں ملازمین اور مختلف تنظیموں کے رہنماؤں نے شرکت کی ریلی میں شریک تنظیموں (بقیہ نمبر 19)

رتہ امرال پولیس کی کارروائی، زیر حراست گینگ سے چھینی گئی رقم اور اسلحہ برآمد

2 اشتہاری مجرمان سمیت 6 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

زیر حراست منشیات اور غیر قانونی پیٹرول فیلنگ کے آلات برآمد کر لئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے 2 اشتہاری مجرمان سمیت 6 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے قبضہ سے منشیات اور غیر قانونی پیٹرول فیلنگ کے آلات برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ آبپارہ، تھانہ گولڑہ اور تھانہ کوہل پولیس ٹیموں نے (بقیہ نمبر 20)

سی ٹی او اسلام آباد کا پمز ہسپتال کا دورہ، زخمی ایس آئی سلیم کی عیادت کی

نہتہ ہمایوں کی ڈاکٹروں سے ملاقات، پولیس افسر کی صحت کی صورتحال کے متعلق بریفنگ لی

اسلام آباد (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی انکشافات کی روشنی میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کیپٹن (ر) حمزہ ہمایوں نے دوران (بقیہ نمبر 2)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free .com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp 0309-7900035

E-Commerce Website Price: 6000/-

پنجاب حکومت کا ای گورننس کے فروغ کیلئے بڑا قدم

پوزیل پر تصدیق اور منظوری کا تمام عمل ڈیجیٹل سسٹم کے ذریعے مکمل کیا جائے گا، فیزیکل فائل یا پیپر کی ضرورت نہیں پڑے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبہ بھی ای گورننس اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے سرکاری محکموں سے این او سیز اور اجازت ناموں کے حصول کو آسان بنانے کیلئے BIZ e پوزیل کا آغاز کر دیا۔ چیف سیکرٹری پنجاب راجا افتخار زمان نے پیشہ ور بیکرز کو پنجابی کے اجلاس کے دوران ای بزنس کا بارہ کا ضابطہ افتتاح کیا۔ ابتدائی طور پر پوزیل کے ذریعے 30 کاروبار وں کیلئے این او سی کے حصول کیلئے آن لائن ادائیگی کیا جائے گا۔ تصدیق اور منظوری کا تمام عمل (بقیہ نمبر 31) وقاص نذیر نے وزیر اعلیٰ پنجاب محمد مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب کے تمام ڈی آئی ٹی ٹریفک تھانوں کو ڈیجیٹل کیا جانے کا اعلان کیا۔ ڈی آئی ٹی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر نے کہا کہ ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اکرم کو ضلع بھر میں کم (بقیہ نمبر 30)

کم عمر ڈرائیورز کیخلاف سخت اور بلا امتیاز کارروائی کا حکم

کم عمر ڈرائیونگ کرنے پر چالان کیساتھ موٹر سائیکل و گاڑی کو بھی بند کیا جائے، سی ٹی او

راولپنڈی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کے تحفظ پنجاب کے ویژن پر عمل کرتے ہوئے چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کے کم عمر ڈرائیورز کیخلاف سخت اور بلا امتیاز کارروائی کا حکم دے دیا، کم عمر ڈرائیونگ پر چالان کیساتھ موٹر سائیکل و گاڑی کو بھی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے بند کیا جائے گا۔ تعلیمات کے مطابق ڈی آئی ٹی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر نے وژن پر عمل کرتے ہوئے چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کے تمام سرکل انچارجز کو کم عمر ڈرائیونگ کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دے دیا۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اکرم نے کہا کہ ٹریفک (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی، صادق آباد پولیس کی کارروائی، زیر حراست افراد سے چھینی گئی رقم برآمد